**1 – کولونو اسکوپی کیا ہے؟**
کولونو اسکوپی ایک جانچ ہے جس میں مقعد کے راستے ایک چھوٹی سی لچک پذیر نلکی ڈال کر قولون (بڑی آنت) کی اندرونی سطح کا معائنہ کیا جاتا ہے۔
اس جانچ میں لگ بھگ 30 تا 60 منٹ لگتے ہیں۔

**<u>آپ کو کولونو اسکوپی کیوں کروانا چاہئے</u>**
کولونو اسکوپی قولون کے کینسر کے خطرے کو کم کردیتی ہے۔
درحقیقت، کولونواسکوپی سے موجودہ رسولیوں یا ایسے سلعات کی بروقت تشخیص ہوجاتی ہے جو وقت گزرنے پر رسولیاں بن سکتی ہیں۔
یہ اس وجہ سے ممکن ہے کہ نسیج کے نمونے (بایوپسیز) لیے جاسکتے ہیں اور جانچ کے دوران سلعات کو نکالا جاسکتا ہے (سلعہ براری)۔

کولونو اسکوپی کی ایک کمی یہ ہے کہ ممکن ہے کچھ سلعات، خاص طور پر چھوٹے سلعات، دکھائی نہ دیں ۔

**2 - کیا کولونو اسکوپی میں خطرہ ہے؟**
پیچیدگیاں بہت کم ہوتی ہیں اور ان کے نتیجے میں ہسپتال میں بھرتی کرنا (200 معاملات میں سے قریب ایک میں)، جانچ کو دوہرانا یا، بہت کم معاملات میں ، آپریشن کرنا پڑسکتا ہے۔
سب سے اہم پیچیدگیاں ہیں:
- بایوپسی یا سلعہ براری (پولی پیکٹومی) والی جگہ پر جریان خون، جو 100 جانچوں میں سے 1 میں پیش آسکتا ہے؛
- آنت میں سوراخ ہونا، جو 1000 جانچوں میں سے 1 میں ہوسکتا ہے؛
- انجکشن کے ذریعہ دی گئی دواؤں کے سبب ہونے والے دل یا سانس کے مسائل، جو بہت کم ہوتے ہیں۔

جان لیوا پیچیدگیاں بہت کم ہوتی ہیں۔
صوبہ ریجیئو ایمیلیا میں انڈواسکوپی سنٹرز میں اولین معیار کے نگہداشت صحت کے پیشہ ور افراد، سہولیات اور آلات پیچیدگیوں کے خطرے کو کم کرتے ہیں اور اگر ایسے واقعات ہوتے ہیں تو بروقت اور صحیح طریقے سے ان کا علاج کرتے ہیں۔

پیچیدگیوں کی بروقت، حتی کہ جانچ کے کئی دنوں کے بعد گھر پر بھی شناخت کرنا ضروری ہے۔ اگر جریان خون ، پیٹ درد ہو یا بخار آجائے تو، انڈواسکوپی سنٹر سے رابطہ کریں یا ایمرجنسی روم جائیں۔

**<u>اگر میں کولونو اسکوپی نہیں کرواتا/ کرواتی ہوں تو کیا ہوتا ہے؟</u>**
کولونو اسکوپی نہ کروانے کے نتیجے میں رسولی کی تشخیص میں تاخیر ہوسکتی ہے یا ان سلعات (پولپ)کو نکالنے میں ناکامی ہوسکتی ہے جو وقت گزرنے پر رسولی بن جاتے ہیں۔

ایسی ریڈیولوجیکل جانچیں ہیں جو آپ کولونو اسکوپی کے بجائے کروا سکتے ہیں (جیسے، کولون CAT اسکین)، لیکن اس میں ضرورت پڑنے پر، نسیج کا نمونہ لینے یا سلعات کو نکالنے کا موقع نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے، عام طور پر کولونواسکوپی کروانا زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

**3 - کیا کولونو اسکوپی درد انگیز ہوتا ہے؟**
عام طور پر نہیں، کیونکہ عوما انجیکشن کے ذریعہ درد کش دوائیں اور / یا مسکن دوائیں دی جاتی ہیں۔

**4 - کولونو اسکوپی کیلئے تیاری کرنا**
جانچ کامیاب ہونے کیلئے، آنت کو صحیح طریقے سے تیار کرنا ضروری ہے۔ اسی وجہ سے، آپ کو جو ہدایات دی جائیں گی ان پر پوری طرح عمل کرنا ضروری ہے، اور یہ ضروری ہے کہ آپ آنت کو صاف کرنے والا پروڈکٹ صحیح طریقے سے لیں۔

**<u>اگر آپ دوائیں لے رہے ہیں یا بیمار ہیں:</u>**
جانچ سے قبل، آپ کو معدہ و آنت کے ماہر (گیسٹروانٹرولوجسٹ) کو اپنے زیر استعمال کسی دوا، اپنی کسی الرجی یا کسی ایسے پرانے مرض کے بارے میں بتا دینا ضروری ہے جس میں آپ مبتلا ہیں۔

**<u>اگر آپ مانع انجماد خون دوائیں لے رہے ہیں:</u>**
اگر آپ مانع انجماد خون دوائیں (سنٹروم، کوماڈین) لے رہے ہیں تو، آپ کو ایسی ہدایات حاصل کرنے کے لیے جانچ سے کم از کم 10 دن پہلے انڈواسکوپی سنٹرکو مطلع کردینا ضروری ہے،جس سے آپ جانچ والے دن محفوظ طریقے سے جانچ کیلئے مناسب حالت میں ہوں۔ اگر آپ مناسب حالت میں نہیں ہیں تو، آپ جانچ نہیں کروسکتے، کیونکہ آپ جو دوائیں لے رہے ہیں وہ کولونو اسکوپی کے بعد جریان خون کے خطرے کو بڑھا دیتی ہیں۔

اگر آپ صرف ایک ہی ہیجان مخالف دوا (جیسے اسپرین، اسکرپٹن، کارڈیرین، ٹکلڈ، پلیوکس، وغیرہ کی کمتر خوراک) لے رہے ہیں تو، آپ انہیں لیتے رہ سکتے ہیں۔

تاہم، اگر آپ ایک سے زیادہ ہیجان مخالف دوائیں لے رہے ہیں تو، آپ کو اپنا علاج کرنے والے معالج یا ماہر امراض قلب کو بتا دینا ضروری ہے تاکہ وہ یہ فیصلہ کرسکیں کہ آیا آپ عارضی بنیاد پر صرف اسپرین لے سکتے ہیں۔

## CONSENSO INFORMATO
## باخبر منظوری

میں زیر دستخطی - Io sottoscritta/o

______________________________

(سر نام اورنام) – (Cognome e Nome)

پیدائش / Nato a ______________________________

تاریخ / Il ______________________________

- sono stata/o informata/o in merito ai seguenti punti – کو درج ذیل نکات کے بارے میں آگاہ کردیا گیا ہے۔
  - کولونو اسکوپی کیا ہے اورکس لئے اس کا استعمال ہوتا ہے؛
  - یہ جانچ کروانے کے فوائد؛
  - استعمال ہونے والے طریقے سے وابستہ تحدیدات اور خطرات؛
  - جانچ نہ کروانے کے نقصانات۔
- میں نے اس منظوری فارم اور جانچ کیلئے تیاری کرنے کی ہدایات کو دیکھ لیا ہے؛
- مجھے میرے سوالوں کے اور وضاحتوں کے مدنظر درخواستوں کے قابل فہم اور مکمل جوابات موصول ہوگئے ہیں؛
- مجھے فراہم کردہ حقائق اور معلومات پر اچھی طرح غور کرنے کا وقت اور موقع ملا تھا۔

لہذا:

**ACCONSENTO** a sottopormi alla COLONSCOPIA /
**میں آمادہ ہوں** کولونو اسکوپی اور کسی بھی ایسے تشخیصی یا معالجاتی اقدامات سے گزرنے کے لیے جو جانچ کے دوران ضروری ہوسکتے ہیں۔ اس میں پائے جاسکنے والے امراضیات خون (سلعات کا نکالنا، لی گئی نسیج کے معائنے کے ساتھ بایوپسی وغیرہ)، اور پیدا ہوسکنے والے کسی بھی ہنگامی حالات کا علاج کرنا دونوں ہی چیزیں شامل ہوسکتی ہیں۔

**SI / ہاں** ☐  **NO / نہیں** ☐

Lì / بتاریخ ____ / ____ / ____

(مقام اور تاریخ) – (Luogo e Data)

______________________________

(مریض کا دستخط) – (Firma del paziente)

میں تصدیق کرتا ہوں کہ مجھے اس دستاویز میں بیان کردہ معلومات فراہم کردی گئی ہیں، میں نے یہ یقینی بنایا ہے کہ اسے باقاعدہ طور پر سمجھ لوں، اور وضاحت کے لیے کی گئی کسی درخواست کے جوابات دے دیئے گئے ہیں۔

______________________________

(گیسٹروانٹرولوجسٹ کا دستخط) – (Firma del medico endoscopista)

### 5 – آپ کو یہ جانچ کروانے کے بعد کیا ہوتا ہے؟

کولونو اسکوپی کے بعد، آپ بدستور قریب 30 منٹ تک زیر مشاہدہ رہتے ہیں، اور یہ وقت مسکن دواؤں کے اثرات سے نجات پانے کیلئے ضروری ہے۔ یہ آپ کو خود سے چلنے پھرنے اور آپ کے ہمراہ آنے والے فرد کے ذریعہ آپ کی دیکھ بھال کیے جانے کا اہل بنائے گا۔

**کولونو اسکوپی کروانے والے شخص کے لیے کسی کو اپنے ساتھ لانا ضروری ہے**، کیونکہ جو مسکن دوائیں دی جاتی ہیں وہ - جانچ کے بعد 12 گھنٹے تک – ایسے اعمال انجام دینا ناممکن بنادیتی ہیں جن کیلئے توجہ درکار ہوتی ہے،جیسے کار چلانا ، یا حتی کہ سڑک پر چلنا ۔

کولونو اسکوپی کے بعد، آپ کو مروڑ، پیٹ میں درد، یا متلی ہوسکتی ہے، جو جلد ہی ختم ہوجاتی ہے۔

آپ جانچ کے دو گھنٹے بعد کھانا شروع کرسکتے ہیں، لیکن آپ کو احتیاط کے ساتھ کھانا چاہئے اور پھلوں، سبزیوں اور ڈیری والی مصنوعات سے پرہیز کرنا چاہئے۔
آپ جانچ کے بعد والے دن معمول کے مطابق کھا سکتے ہیں۔

یادداشتیں

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................